بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ وعلی آلک واصحبک یاحبیب اللہ

دار الافتاء اہلسنت

جامع مسجد کنزالایمان، بابری چوک، گرو مندر کراچی، پاکستان

کرنٹ پلس اکاؤنٹ کے منافع سود ہیں

مورخہ 17 جمادی الثانی 1437 بمطابق 27 مارچ 2016 بروز اتوار، مجلس تحقیقات شرعیہ کے مشورے میں کرنٹ پلس اکاؤنٹ کا مسئلہ زیر بحث آیا، کرنٹ پلس اکاؤنٹ وہ اکاؤنٹ ہے جو عام کرنٹ اکاؤنٹ سے اس اعتبار سے مختلف ہوتا ہے کہ اس اکاؤنٹ میں لازمی طور پر مقررہ رقم رکھنا ہوتی ہے اس کی بنیاد پر ہی اکاؤنٹ ہولڈرز کو بہت سارے منافع وفوائد دیئے جاتے ہیں: مثلاً آن لائن ٹرانزیکشن کی فیس نہ لینا۔ ATM کی سالانہ فیس نہ لینا۔ پے آرڈر کی فیس نہ لینا۔ چیک بک مفت فراہم کرنا۔ میسیج سروس کی فیس وصول نہ کرنا۔ ایرپورٹ پر مفت کھانے کی سہولت فراہم کرنا وغیرہ وغیرہ۔

عمومی طور پر کرنٹ پلس اکاؤنٹ میں عام کرنٹ اکاؤنٹ کے مقابل زیادہ نفع دیئے جاتے ہیں اور پھر زیادہ بنیادی رقم لازمی رکھے جانے پر اس طرح کے منافع اور فوائد کے مختلف اقسام کے پیکیج مارکیٹ میں مختلف ناموں کے ساتھ موجود ہیں۔

مجلس تحقیقات شرعیہ دعوت اسلامی کے موجود اراکین نے بالاتفاق اس کرنٹ پلس اور ملتے جلتے ناموں کے ساتھ مشہور اکاؤنٹ کو سودی اکاؤنٹ قرار دیا ہے اور یہ حکم شریعت بیان کیا ہے کہ اس طرح کے اکاؤنٹ کھلوانا اور اس پر ملنے والے فوائد استعمال کرنا حرام ہے۔

اراکین مجلس تحقیقات شرعیہ	دستخط
مفتی قاسم عطاری	دستخط
مفتی فضیل عطاری	دستخط
مفتی ہاشم عطاری	دستخط Hashim
مفتی علی اصغر عطاری	دستخط
مولانا نوید رضا عطاری	دستخط
مولانا حسان عطاری	دستخط

مجلس افتاء دعوت اسلامی